## جامع خلاصہ:

1۔ ذیلی منصوبہ:ضلع اٹک میں بجلی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے برہان۔ نیوواہ سی سی (1اور2) 132KV ترسیلی لائن کی تبدیلی کا ذیلی منصوبہ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے تیار کیا ہے جیسا کہ یہ ترسیلی لائن 220KV گرڈ اسٹیشن برہان سے نیوواہ 132KV گرڈ اسٹیشن کو فیڈ کرتی ہے۔موجودہ 132KV ترسیلی لائن 300 ایمپیئر کرنٹ بہاؤ صلاحیت کے حامل لینکس کنڈکٹر کی جگہ ڈبل سرکٹ 132KV کے 600 ایمپیئر کرنٹ کا حامل ریل کنڈکٹر لگایا جائے گا۔اس ترسیلی لائن کی کل لمبائی 13 کلومیٹر ہے۔ترسیلی لائن کا راستہ پہلے سے موجود ہے۔یہ ترسیلی لائن نجی کاشت شدہ غیر ہموار،سرکاری زمینوں،ایک ہاؤسنگ سوسائٹی اور ضلع اٹک کے پانچ گاؤں سے گزرے گی۔

2۔ بحالی کے اثرات: برہان۔نیوواہ سی سی (1اور2)132KV ترسیلی لائن سرکاری زمین،ایک ہاؤسنگ سوسائٹی اور اٹک کے پانچ گاؤں سے گزرے گی اور عارضی طور پر کاشت شدہ فصلوں کی زمین اور 61 درختوں کو متاثر کرے گی۔یہ ذیلی منصوبہ کاشت شدہ فصلوں،درختوں اور جذوی طور پر نقصان پہنچنے والے 10 مکانات کی بناء پر کل 27 نفوس پر اثر انداز ہوگا۔مونا نگر اور اقبال نگر کے لوگوں نے موجودہ ترسیلی لائن کے نیچے تعمیرات کر رکھی ہیں جو کہ ترسیلی لائن کی تنصیب کے دوران جزوی طور پر متاثر ہو سکتی ہیں۔اس سے کوئی بھی متاثرہ خاندان نہ ہی منتقل ہوگا اور نہ ہی اپنے مفید اثاثوں کے 10 فیصد سے زائد کا نقصان اٹھائے گا۔اسلئے اس منصوبے سے بحالی کے اثرات غیر اہم ہیں۔

3۔ معاوضہ اور بحالی: نقصانات اور اثرات کے معاوضہ اور بحالی کے لیے مندرجہ ذیل طریقہ (دیکھئے جدول 1) استعمال کیا جائے گا۔اس ذیلی منصوبے میں متاثرین کی اہلیت کے معیار کو پرکھنے کے لیے درج ذیل طریقہ استعمال میں لایا جائے گا۔

**جدول1: اس ذیلی منصوبے کے لیے معاوضے کی اہلیت اور قابلیت کا خاکہ**

| اثاثے | تفصیل | متاثرہ لوگ | معاوضہ کی قابلیت |
|---|---|---|---|
| کھمبا رہا ترسیلی لائن کی تعمیر سے عارضی طور پر متاثرہ قابل کاشت رقبہ | رسائی پر پابندی نہ ہوگی اور کھمبوں کی تعمیر اور لائن کی تنصیب سے موجودہ زمین کا استعمال بغیر کسی تبدیلی کے رہے گا۔ | کسان،مالکان (27 خاندان) | زمین کا معاوضہ نہیں دیا جائے گا کیونکہ کام مکمل ہونے کے بعد زمین کسان کے لیے بحال کردی جائے گی۔فصلوں اور درختوں کے نقصان کا معاوضہ درج ذیل طریقے سے نقد ادا کیا جائے گا۔ |
| فصلیں | متاثرہ فصلیں (نقصان/ خاتمہ) | تمام متاثرہ خاندان/ زمین مالکان،کسان (18 خاندان) | کھمبوں کے اثرات: زیادہ سے زیادہ 3 فصلوں کی کٹائی کے تناسب سے بازاری نرخوں پر اصل اثرات کی بنیاد پر نقد معاوضہ دیا جائے گا۔<br>لائن کے راستے میں متاثرہ (تنصیبی عمل): ایک کٹائی کے تناسب سے بازاری نرخوں پر نقد معاوضہ۔ |
| درخت | درختوں کی کٹائی | متاثرہ کسان (11 خاندان) | نقد معاوضہ آمدن کو ظاہر کرے گا۔ |
| تعمیرات | جزوی طور پر نقصان | متاثرہ مالکان (10) | اگر نقصان ہوگا تو نقد ادائیگی اس کی آمدن کے طور پر ظاہر ہوگی۔ |

4۔ **مقررہ معیاد:** لائن کے راستہ کا سروے مکمل ہونے کے بعد آخری تخمینہ تک معاوضہ کی اہلیت مقررہ معیاد تک محدود ہوگی۔مقررہ معیاد کے گزرنے کے بعد متاثرہ خاندان متاثرہ علاقوں میں رہائش اختیار کرنے والے اور/ یا زمین میں ردوبدل کرنے والے معاوضہ کے اہل نہ ہوں گے۔تاہم منصوبہ پر عمل درآمد سے قبل انھیں ان کی تعمیرات/ برآمدوں،متاثر ہونے والی تعمیرات یا دیگر قائم شدہ اثاثوں (کوئی بھی) کو خالی کرنے کے لیے تین مہینے کا نوٹس فراہم کیا جائے گا۔

5۔ **اثرات کا مفہوم:** اس ذیلی منصوبے میں ترسیلی لائن کے لیے مستقل بنیادوں پر زمینوں کے حصول کی ضرورت نہیں ہے۔ترسیلی لائن کی تنصیب کا عمل صرف فصلوں،درختوں اور تعمیرات (جزوی طور پر) کو متاثر کرے گا۔کھمبوں کی تعمیر پہلے سے موجودہ راستے ایک شہری ہاؤسنگ سوسائٹی یا بہت محدود جگہ رسائی کی پابندی پر مشتمل ہوگی۔تعمیر کے مکمل ہونے کے بعد ان جگہوں کے استعمال، ان تک رسائی کے لیے کوئی پابندی نہیں لگائی جائے گی اس لیے یہ زمین کا کوئی مستقل نقصان نہیں ہے۔مستقبل بنیادوں پر اثاثوں کو نقصان نہیں ہوگا،کسی فرد کو اس کی جگہ سے منتقل نہ کیا جائے گا اور نہ ہی کوئی خاندان اپنے مفید اثاثوں کے 10 فیصد سے زائد کا نقصان اٹھائے گا۔اس لیے مکمل حد تک اس ذیلی منصوبے میں بحالی کے اثرات غیر اہم ہیں اور اسی لیے رقبہ کی ضرورت اور ان کی

بحالی کا منصوبہ (LARP) بنایا گیا ہے۔

6۔ **مقامی لوگوں کے مسائل:** تمام 27 خاندان مسلمان ہیں اور نسلی اعتبار سے پنجابی اور پشتون ہیں۔ ان میں کوئی بھی خاندان خط غربت سے نیچے یا ایسا نہیں ہے جس کی سربراہ کوئی عورت ہو۔ اس اس منصوبے کے لیے مقامی لوگوں سے متعلق ایشیائی ترقیاتی بنک (ADB) پالیسی میں درج مقامی لوگوں کے لائحہ عمل کے فریم ورک (IPPF) قابل عمل نہیں ہے اور اسی لیے اس ذیلی منصوبے کے لیے IPP یا کوئی خصوصی سرگرمی کی ضرورت نہ ہے۔

7۔ **اظہار اور مشورہ:** اس پروگرام کے لیے آئیسکو نے زمین کے حصول اور بحالی کا فریم ورک (LARF) تیار کیا ہے جسے اردو ترجمہ کے ساتھ ایشیائی ترقیاتی بنک کی عوامی رابطہ پالیسی کے تحت مشتہر کیا گیا ہے۔ اس پالیسی کو ایشیائی ترقیاتی بنک کی ویب سائٹ پر بھی ڈالا گیا ہے۔ اس پالیسی کی تیاری کے لیے آئیسکو کی وساطت سے مقامی حکومتی اداروں، متاثرہ خاندانوں اور اس کے ساتھ ساتھ ان گنت معاشرتی گروہوں کے خواتین وحضرات سے مشاورت کے لیے مسلسل میٹنگوں کے انعقاد کا اہتمام کیا گیا۔ RFS سروے متاثرہ خاندانوں کی شناخت اور ان کے نقصانات کے تخمینہ میں شمولیت کا ایک لائحہ عمل تھا۔ اس پالیسی پر عمل درآمد کے دوران آئیسکو مزید مشاورت کرے گا۔ اس LARP کو بھی خلاصہ کرنے اور ترجمہ کرنے کے بعد مشتہر کیا جائے گا۔

8۔ **شکایت کا طریقہ کار:** پالیسیوں اور معاوضے کے عمل میں کسی بھی شکایت یا فکر کے ازالے کے لیے متاثرہ خاندان اپنی زبانی یا تحریری شکایات آئیسکو کے زیر انتظام بنائی جانے والی شکایات کے ازالہ کمیٹی (GRC) کو کرے گا۔

9۔ **LARP کی لاگت:** معاوضوں کے لیے استعمال ہونے والی لاگت کی بنیاد LAC سے مکمل مشاورت سے اخذ کیے جائیں گے۔ اثاثوں (فصلیں اور درخت) کے نقصان اور ان کے یونٹ نرخ اور معاوضے کے قابل اثاثوں کی اصل مقدار کو آٹھویں باب (جدول 8.1) میں درج کیا گیا ہے۔ اس پالیسی (LARP) بشمول معاوضہ جات برائے متاثرہ تعمیرات، فصلوں اور درختوں کا اندازاً تخمینہ 1.6 ملین روپے (0.01 امریکی ڈالر) لگایا گیا ہے۔

## 2.6 منصوبے کے لیے معاوضہ کی اہلیت اور قابلیت

26۔ پروگرام کے تحت رقبہ کا حصول اور آئیسکو کے ذیلی منصوبے کے لیے معاوضہ کی قابلیت اور اہلیت کے فریم ورک پر پاکستانی قوانین اور ایشیائی ترقیاتی بنک کی SPS پالیسی کے مطابق عمل کیا جائے گا۔ متاثرین کے اصل نقصانات سے متعلق تفصیلات کا خلاصہ (جدول نمبر 2.2) درج ذیل ہے۔

### 2.2 معاوضہ کی اہلیت اور قابلیت کا خاکہ

| اثاثے | تفصیل | متاثرہ لوگ | معاوضہ کی قابلیت |
|---|---|---|---|
| کھمبا یا ترسیلی کی تعمیر سے عارضی طور پر متاثرہ قابل کاشت رقبہ | رسائی پر پابندی نہ ہوگی اور کھمبوں کی تعمیر اور لائن کی تنصیب سے موجودہ زمین کا استعمال بغیر کسی تبدیلی کے رہے گا۔ | کسان، مالکان (27 خاندان) | زمین کا معاوضہ نہیں دیا جائے گا کیونکہ کام مکمل ہونے کے بعد زمین کسان کے لیے بحال کردی جائے گی۔ فصلوں اور درختوں کے نقصان کا معاوضہ درج ذیل طریقے سے نقد ادا کیا جائے گا۔ |
| فصلیں | متاثرہ فصلیں (نقصان/ خاتمہ) | تمام متاثرہ خاندان/ زمین مالکان، کسان (18 خاندان) | کھمبوں کے اثرات: زیادہ سے زیادہ 3 فصلوں کی کٹائی کے تناسب سے بازاری نرخوں پر اصل اثرات کی بنیاد پر نقد معاوضہ دیا جائے گا۔<br>لائن کے راستے میں متاثرہ (تنصیبی عمل): ایک کٹائی کے تناسب سے بازاری نرخوں پر نقد معاوضہ۔ |
| درخت | درختوں کی کٹائی | متاثرہ کسان (11 خاندان) | نقد معاوضہ آمدن کو ظاہر کرے گا۔ |
| تعمیرات | جزوی طور پر نقصان | متاثرہ مالکان (10) | اگر نقصان ہوگا تو نقد ادائیگی اس کی آمدن کے طور پر ظاہر ہوگی۔ |

## 2.7 اہلیت:

27۔ اس پروگرام کے تحت معاوضہ اور/ یا بحالی کی اہلیت رکھنے والے متاثرہ خاندان درج ذیل ہوں گے

- ☆ تمام متاثرہ خاندان پابندی والی راہ یا جن کی زمین استعمال ہوگی چاہے ان کے پاس قانونی ملکیت/موروثی زمینی اختیارات ہوں یا نہ ہوں۔
- ☆ کرایہ دار اور فصلوں کے حصہ دار ہوں چاہے رجسٹر شدہ ہوں یا نہ ہوں
- ☆ عمارتوں، فصلوں، پودوں یا زمین سے منسلک دیگر اشیاء کے مالکان اور
- ☆ ایسے خاندان جو کاروبار، آمدن یا تنخواہوں سے محروم ہوں۔

28۔ ہر منصوبے کے لیے معاوضہ کی اہلیت کا تعین مقررہ معیاد تک محدود ہوگا۔ ہر ذیلی منصوبے کے لیے مقررہ وقت میں خاندانوں کی مردم شماری اور اثرات کے تخمینے کے دوران مقرر کی جائے گا۔ ایسے نفوس جو صرف مقررہ معیاد میں متاثرہ علاقوں میں ہوں گے معاوضہ کے اہل نہ ہوں گے۔ تاہم اس منصوبے پر عمل درآمد سے قبل انھیں مناسب وقت کا پیشگی نوٹس دیا جائے گا جس میں ان سے ان کی جگہ اور توڑے جانے والی تعمیرات خالی کرنے کی درخواست کی جائے گی۔ توڑا جانے والی اشیاء کو ضبط نہیں کیا جائے گا اور اس کے لیے وہ کوئی جرمانہ بھی ادا نہیں کریں گے۔

29۔ **مقررہ معیاد:** لائن کے راستہ کا سروے مکمل ہونے کے بعد آخری تخمینہ تک معاوضہ کی اہلیت مقررہ معیاد تک محدود ہوگی۔ مقررہ معیاد کے گزرنے کے بعد متاثرہ خاندانوں/ زمینوں کے استعمال کرنے والوں کے لیے معاوضہ کی ادائیگی پر غور نہ کیا جائے گا۔ تاہم منصوبہ پر عمل درآمد سے قبل انھیں ان کی عمارتوں/ برآمدوں، متاثر ہونے والی تعمیرات یا دیگر قائم شدہ اثاثوں (کوئی بھی) کو خالی کرنے کے لیے تین مہینے کا نوٹس فراہم کیا جائے گا۔

30۔ متاثرہ خاندانوں کو اپنا سامان دوبارہ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی اور اس کے لیے ان سے کوئی جرمانہ وغیرہ وصول نہیں کیا جائے گا۔ زبردستی بے دخلی صرف اسی صورت کی جائے گی جب دیگر تمام کوششیں رائیگاں چلی جائیں گیں۔

## 2.8 اہلیت برائے معاوضہ

31۔ رسائی میں پابندی، زمین کا استعمال یا آمدن کے نقصانات اٹھانے والے خاندان معاوضہ اور بحالی میں شامل ہوں گے اور اس طرح زمین، مکانات اور عمارتوں کے نقصانات، فصلوں اور درختوں کے نقصانات، دوبارہ آبادکاری اور کاروباری نقصانات جو کہ ٹیکس کی بنیاد پر ہوں گے۔ اہلیت کی تفصیل درج ذیل ہے۔

- ☆ فصلیں: زیادہ سے زیادہ 3 فصلوں کی موسم سرما یا گرما کی کٹائی تک کے لیے بازاری نرخوں پر اصل نقصان کی بنیاد پر نقد معاوضہ دیا جائے گا۔ (ایسی فصلیں جن کا کھمبوں کی تعمیر کی وجہ سے نقصان ہو)۔ ایک فصل کی موسم سرما یا گرما کی کٹائی تک کے لیے بازاری نرخوں پر اصل نقصان کی بنیاد پر نقد معاوضہ دیا جائے گا۔ (ایسی فصلیں جن کا لائن کی تنصیب سے نقصان ہو)۔ معاوضہ کی رقم زمین مالکان کو دی جائے گی۔
- ☆ درخت: نقد معاوضہ آمدن کو ظاہر کرے گا۔
- ☆ عمارات: نقد ادائیگی آمدن کے نعم البدل کے طور پر ظاہر ہوگی۔

## 2.9 معاوضہ کے لیے یونٹ کی مالیت کا تعین

32۔ معاوضہ کے لیے مختلف اشیاء کی یونٹ کے حساب سے مالیت درج ذیل ہے

- ☆ فصلوں کی مالیت کا تعین اس سال کے بازاری نرخ کے مطابق کاشتکاری فارم پر ہوگا۔ ممکنہ طور پر تقریباً ایک سال کی فصل کا معاوضہ کا متاثرہ خاندان حق دار ہوگا اور ایک سال بعد بنیادی بازاری نرخ کے مطابق معاوضہ فراہم کیا جائے گا۔
- ☆ لکڑی حاصل ہونے والے درختوں کی مالیت بازاری نرخ کے مطابق ہوگی۔
- ☆ پھل دار درخت کے لیے معاوضہ درخت کی عمر کے حساب سے لگایا جائے گا۔ ((ا) ناساز حالت (۲) ابھی تک پھل کے قابل نہیں ہے (۳) پھل دار)۔ پھل دار درختوں کی مالیت کا

اندازہ بازاری نرخوں کے مطابق اس کی ایک سالہ آمدن کو ایک نئے درخت کے پھل دار ہونے تک کہ سالوں سے ضرب دی جائے گی۔

## 7۔ شکایات کی دادرسی کا طریقہ

85۔ شکایات کے ازالے کے عمل کے برعکس آئیسکو عام طور پر تکالیف کی روک تھام کا خیال رکھتا ہے۔ یہ صرف اسی صورت میں حاصل ہوسکتا ہے جب LAR احتیاط سے بنایا اور اس پر عمل درآمد کیا جائے اور متاثرہ افراد سے مکمل رابطے اور مشاورت کو یقینی بنا کر اور وسیع پیمانے پر معاشرے اور آئیسکو میں رابطہ اور مشاورت کو قائم کیا جائے۔ تاہم متاثرین کی متاثرہ زمین یا دیگر اثاثوں کی وجہ سے معاوضہ سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے شکایت کی دادرسی کا طریقہ کار فراہم ہونا چاہیے۔ متاثرہ خاندان کو ان کے حقوق اور طریقہ کے بارے میں مشاورتی میٹنگز کا انعقاد اور بذریعہ PIB اردو زبان میں زبانی شکایات داخل کرنے کے لیے مکمل آگاہی حاصل ہونی چاہیے۔

86۔ شکایت کے اندراج کے لیے رجسٹر نیو 220KV گرڈ اسٹیشن برہان اور 132KV نیو واہ گرڈ اسٹیشن کے کیمپ آفسز میں رکھا جائے گا جس کا خیال مذکورہ انچارج کرے گا اور E&SS سیل اس پر عمل کرے گا۔ آئیسکو متاثرہ خاندانوں کو اس سہولت کے بارے میں PIB کے ذریعے اردو زبان میں آگاہی فراہم کرے گا۔ موصول ہونے والی شکایات پر عمل درآمد اور ان کا ازالہ اسسٹنٹ منیجر آئیسکو (سوشل ایمپیکٹ) اور LAC مقامی رہنماؤں اور یونین کونسلوں اور/ یا ضلعی LAC کے تعاون سے کرے گا۔

87۔ سب سے پہلے، شکایات کے ازالہ کے لیے گاؤں کی سطح پر قائم شدہ شکایت ازالہ کمیٹی (GRC) جو کہ آئیسکو اور E&SS سیل اور LAC یا پٹواری اور گاؤں کے نمایاں بزرگوں جیسے خان، نمبردار اور متعلقہ یونین کے کونسلر پر مشتمل ہوگی کے ذریعے سے کوشش کی جائے۔ لیکن اگر گاؤں کی سطح پر شکایات کا ازالہ صحیح طریقے سے نہ ہو سکے تو ضلعی سطح پر شکایات کے ازالے کا طریقہ کار اپنایا جائے جو رابطہ آفیسر (چیئرمین)، ضلعی LAC اور آئیسکو E&SS سیل، چیف انجینئر اور LAC پر مشتمل ہوگی۔ شکایت کنندہ کا آخری طریقہ عدالت کے ذریعے انصاف کا حصول ہوگا۔

88۔ فصلوں اور درختوں اور جزوی متاثرہ مکانوں کی مرمت/تعمیر نو جزوی بحالی کے لیے معاوضہ جات کی تمام رقوم آئیسکو سے سیدھی متاثرہ خاندان کو فراہم کی جائیں گی۔ شکایات اور ان کے ازالہ آئیسکو مقامی سطح پر مقامی لوگوں کے نمائندگان اور یونین کونسل کے اشتراک سے کرے گا۔ اور ضرورت پڑنے پر غیر ازالہ شدہ شکایات کا ازالہ ضلعی حکومت کی مداخلت سے درج ذیل جدول نمبر 7.1 میں درج ہدایات پر عمل کیا جائے گا۔

**جدول 7.1: شکایات کے ازالہ کا طریقہ کار**

| تعمیر، فصلیں اور درختوں کے معاوضہ سے متعلق مسائل | دیگر معاوضہ جات یا منصوبے کے مسائل |
|---|---|
| سب سے پہلے شکایات کا ازالہ گاؤں کی سطح پر E&SS سیل، ضلعی حکومت اور یا غیر رسمی ثالثین کے ذریعے کیا جائے گا۔ | سب سے پہلے شکایات کا ازالہ گاؤں کی سطح پر E&SS سیل، ضلعی حکومت اور یا غیر رسمی ثالثین کے ذریعے کیا جائے گا۔ |
| اگر پھر بھی ازالہ نہ ہو تو شکایت کو LAC کے سپرد کیا جائے گا جو 30 دن کے اندر اندر اس کا فیصلہ کرے گی۔ | اگر پھر بھی ازالہ نہ ہو تو شکایت کو LAC کے سپرد کیا جائے گا جو 30 دن کے اندر اندر اس کا فیصلہ کرے گی۔ |
| اگر کوئی حل نہ نکل سکے تو شکایت E&SS سیل کی مدد سے آئیسکو کو بھیجی جائے گی۔ متاثرہ اپنی اصل شکایت ایک ماہ کے اندر اندر LAC کو دے گا اور اس کے مطالبے کے کاغذات ساتھ لازمی جمع کروائے گا۔ آئیسکو شکایت درج ہونے کے بعد 21 یوم کے اندر اندر فیصلہ کرے گا۔ آئیسکو کے فیصلے پر LARF کی سفارشات پر تکمیل کی جائے گی۔ | اگر کوئی حل نہ نکل سکے تو شکایت E&SS سیل کی مدد سے آئیسکو کو بھیجی جائے گی۔ متاثرہ اپنی اصل شکایت ایک ماہ کے اندر اندر LAC کو دے گا اور اس کے مطالبے کے کاغذات ساتھ لازمی جمع کروائے گا۔ آئیسکو شکایت درج ہونے کے بعد 21 یوم کے اندر اندر فیصلہ کرے گا۔ آئیسکو کے فیصلے پر LARF کی سفارشات پر تکمیل کی جائے گی۔ |
| اگر شکایت کے ازالے کا نظام متاثرہ کو مطمئن کرنے میں ناکام ہو جائے تو وہ (1894) LAA کے سیکشن 18 سے 20 کے تحت اپنے کیس کے لیے عدالت کے ذریعے کارروائی کروا سکتے ہیں۔ | اگر شکایت کے ازالے کا نظام متاثرہ کو مطمئن کرنے میں ناکام ہو جائے تو وہ (1894) LAA کے سیکشن 18 سے 20 کے تحت اپنے کیس کے لیے عدالت کے ذریعے کارروائی کروا سکتے ہیں۔ |

# متاثرہ نفوس کی فہرست (برہان سے نیو واہ تک 132KV کی ترسیلی لائن کی تبدیلی)

| نمبر شمار | زمین کے مالک کا نام | جگہ | تحصیل وضلع | متاثرہ علاقہ | متاثرہ درخت | متاثرہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ملک غلام زکری | جلو | اٹک | کاشت شدہ رقبہ | 10 درخت | |
| 2 | عظمت علی | جلو | | کاشت شدہ رقبہ | 08 درخت | |
| 3 | محمد حنیف | جلو | | کاشت شدہ رقبہ | 04 درخت | |
| 4 | ملک محمد زمان | جلو | | کاشت شدہ رقبہ | 03 درخت | |
| 5 | فیض احمد | جلو | | کاشت شدہ رقبہ | 03 درخت | |
| 6 | ملک محمد زعفران | جلو | | کاشت شدہ رقبہ | 01 درخت | |
| 7 | بابو حفیظ الرحمٰن | جلو | | کاشت شدہ رقبہ | | |
| 8 | زمروت خان | جلو | | کاشت شدہ رقبہ | | |
| 9 | نصرت (ترکھان) | جلو | | کاشت شدہ رقبہ | | مکان |
| 10 | موٹر وے بلڈنگ | جلو | | | | ٹول پلازہ بلڈنگ |
| 11 | لیاقت علی خان | کچا | | غیر ہموار رقبہ | | |
| 12 | محمود خان | کچا | | غیر ہموار رقبہ | | |
| 13 | صابر حسین شاہ | اقبال نگر | | | | مکان |
| 14 | ریاست علی خان | اقبال نگر | | | | مکان |
| 15 | شہزاد | اقبال نگر | | | | مکان |
| 16 | صفدر حسین | اقبال نگر | | | | مکان |
| 17 | کرنل طفر | اقبال نگر | | | | مکان |
| 18 | علی مراد | اقبال نگر | | کاشت شدہ رقبہ | | |
| 19 | منظور (سونیرا) | مونا نگر | | غیر ہموار اور کاشت شدہ رقبہ | 03 درخت | |
| 20 | ارشاد | مونا نگر | | | | چاردیواری |
| 21 | پبلک پراپرٹی | مونا نگر | | | | مسجد |
| 22 | سعید کمال | مونا نگر | | | | مکان |
| 23 | سفیر شان | شاہد عابد | | کاشت شدہ رقبہ | | |
| 24 | غیرت خان | شاہد عابد | | کاشت شدہ رقبہ | 15 درخت | |
| 25 | حاجی مشتاق | لانا مورہ نکھو | | کاشت شدہ رقبہ | 09 درخت | |
| 26 | فہد زمان | لانا مورہ نکھو | | کاشت شدہ رقبہ | 02 درخت | |
| 27 | حاجی صدیق | لانا مورہ نکھو | | کاشت شدہ رقبہ | 03 درخت | |

# اشتہاری خاکہ برائے معلومات عوام الناس (برہان سے نیوواہ تک آئیسکو کی ترسیلی لائن کی تبدیلی)

## بجلی کی تقسیم میں اضافہ کا پروگرام (مرحلہ 3)

## برہان سے نیوواہ تک آئیسکو کی 132KV کی ترسیلی لائن کی تبدیلی

## اسلام الیکٹرک سپلائی کمپنی

## حکومت پاکستان

## ستمبر 2012ء

### A۔ عام معلومات

1۔ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) بجلی کی تقسیم میں اضافہ کے پروگرام پر عمل درآمد کے لئے ایشیائی ترقیاتی بنک (ADB) سے قرض لے رہی ہے۔ جس کا مقصد ترسیلی نظام میں جدت اور اضافہ سے اس کی صلاحیت اور احاطہ کو بڑھانا ہے۔ اس منصوبے پر پانچ سے چھ سال میں عمل درآمد ہوگا اور اس میں بہت سے مراحل اور ذیلی منصوبے شامل ہوں گے۔

2۔ تیسرے مرحلے میں 25 ذیلی منصوبے جس میں تین گرڈ اسٹیشن 8 ترسیلی لائنیں، 4 اضافی راستے اور صلاحیت بڑھانے کے 10 ذیلی منصوبے شامل ہیں۔ زیادہ تر ذیلی منصوبوں سے کسی قسم کے کوئی بحالی کے اثرات نہیں آئیں گے جیسا کہ نئے ٹرانسفارمر پہلے سے موجود ذیلی اسٹیشنوں پر نصب ہوں گے اور موجودہ ذیلی اسٹیشنوں سے باہر کوئی کام نہیں ہوگا۔ یہاں کچھ ذیلی منصوبوں (بشمول برہان۔ نیوواہ 132KV ترسیلی لائن کا ذیلی منصوبہ) جنہیں ترسیلی لائن کی ضرورت ہے اور ان کے کھمبوں کی تنصیب کے لئے عارضی بنیادوں پر زمین درکار ہوگی اور ان پر لائنوں کی تنصیب سے فصلوں اور درختوں کو نقصان پہنچے گا۔

3۔ برہان سے نیوواہ تک 132KV کی ترسیلی لائن کا ذیلی منصوبہ نیوواہ 132 گرڈ اسٹیشن کو اضافی بجلی مہیا کرے گا اور جس سے یقینی طور پر یہاں کے رہائشیوں کو بلاتعطل بجلی میسر آئے گی۔

4۔ اس ذیلی منصوبے پر عمل درآمد سے آپ کی فصلوں اور درختوں کو نقصان ہوگا۔ ان نقصانات کے معاوضے اور/ یا بحالی کے لئے متعلقہ پاکستانی قوانین اور ایشیائی ترقیاتی بنک کی پالیسی برائے غیر خواہش مندانہ انتظامات کو اختیار کیا جائے گا۔ اس میں LARF کی تیاری جس میں بنیادی معاوضہ جات/ بحالی برائے PTEP اور رقبہ کا حصول اور اس بحالی منصوبہ (LARP) جو اثرات اور متاثرہ نفوس کو ظاہر کرے گا اور جس میں تفصیل درج کی جائے گی کہ ہر ذیلی منصوبے کے لئے عارضی بنیادوں پر رقبہ کی حصولی اور اس کے بعد فصلوں اور درختوں کے معاوضہ جات یا بحالی شامل ہوگی۔

5۔ اسلام آباد اور اولپنڈی کے منصوبے کے عمل درآمد یونٹوں میں LARF اور LARP دیکھنے کی خواہش رکھنے والوں کے لیے اردو زبانوں میں فراہم کیا جائے گا۔ اس 132KV لائن کی تبدیلی کے ذیلی منصوبے کے LARF اور LARP کا احاطہ کرنے والا یہ اشتہار اس ذیلی منصوبے سے اپنی تعمیرات، درختوں اور فصلوں اور آمدن کا نقصان اٹھانے والے خاندانوں کو فراہم کیا جائے گا۔ اس اشتہار کا مقصد انھیں 132KV ترسیلی لائن کی تبدیلی کے ذیلی منصوبے کی وجہ سے ہونے والے نقصان کے جائز منافع اور بحالی کی پالیسی اور اس منصوبے پر معاوضہ جات پر عمل درآمد اور بحالی پروگرام سے متعلق بہت سے مسائل کے بارے میں مطلع کرنا ہے۔

### B۔ متاثرہ خاندانوں کے معاوضہ جات اور/ یا بحالی کے اصول

6۔ برہان سے نیوواہ تک 132KV کی ترسیلی لائن کے ذیلی منصوبہ سے متاثرہ خاندانوں کے معاوضہ جات/ بحالی کے اصول درج ذیل ہوں گے۔

(1) رقبہ کے حصول سے اجتناب برتا جائے گا اور حصول صرف اس جگہ عمل میں آئے گا جہاں تک رسائی یا استعمال میں متاثرہ خاندان کی زمین متاثر ہو۔

(2) متاثرین کے لیے معاوضہ منصوبے سے قبل ان کے رہن سہن کا معیار برقرار رکھنے کی ضمانت فراہم کرے گا۔

(3) معاوضہ جات کے انتخاب کے لیے متاثرین کو مکمل معلومات/مشوروں سے آگاہ کیا جائے گا۔

(4) متاثرین کی معاشرتی تہذیبی سوسائٹی کیمد داور استعمال کیا جائے گا۔

(5) زمین کے حصول کی سفارشات مرد اور خواتین دونوں کے لیے مساوی اختیار کی جائیں گی۔

(6) بحالی کے عمل میں دستور کے مطابق ملکیت نہ ہونے کی بناء پر رقبہ کا نقصان اٹھانے والے خاندانوں کو محروم نہیں رکھا جائے گا۔

(7) خواتین کی کفالت میں چلنے والے اور مظلوم نفوس کو خاص اہمیت دی جائے گی۔

(8) زمین کے حصول کا بجٹ منصوبے کی لاگت میں شامل ہوگا۔اور

(9) زمین ہموار کرنے اور منہدم کرنے سے قبل مکمل معاوضہ جات ادا کیے جائیں گے۔

## C۔ معاوضہ جات اور بحالی کے لیے قابلیت اور اہلیت

7۔ متاثرہ علاقے کی تمام خاندان اور اپنے اثاثوں سے متاثر ہونے والے یا اپنی آمدن سے محروم ہونے والے خاندان منصوبے کے لیے مختص کردہ تاریخ سے قبل (اثرات کے سروے مکمل ہونے کی تاریخ) اپنے نقصانات کی بناء پر معاوضہ جات اور/ یا بحالی کے اہل ہوں گے۔اس فراہمی میں مالکان ،فصلوں میں حصہ دار اور کرایہ دار اور قابضین جن کی تفصیل جدول 1 میں درج ہے شامل ہوں گے۔

**فہرست 1: اہلیت اور قابلیت کا خاکہ**

| اثاثے | تفصیل | متاثرہ لوگ | معاوضہ کی قابلیت |
|---|---|---|---|
| کھمبا یا ترسیلی کی تعمیر سے عارضی طور پر متاثرہ قابل کاشت رقبہ | رسائی پر پابندی نہ ہوگی اور کھمبوں کی تعمیر اور لائن کی تنصیب سے موجودہ زمین کا استعمال بغیر کسی تبدیلی کے رہے گا۔ | کسان، مالکان (27 نفوس) | زمین کا معاوضہ نہیں دیا جائے گا کیونکہ کام مکمل ہونے کے بعد زمین کسان کے لیے بحال کردی جائے گی۔فصلوں اور درختوں کے نقصان کا معاوضہ درج ذیل طریقے سے نقد ادا کیا جائے گا۔ |
| فصلیں | متاثرہ فصلیں (نقصان/ خاتمہ) | تمام (18 خاندان) | کھمبوں کے اثرات: زیادہ سے زیادہ 3 فصلوں کی کٹائی کے تناسب سے بازاری نرخوں پر اصل اثرات کی بنیاد پر نقد معاوضہ دیا جائے گا۔<br>لائن کے راستے میں متاثرہ (تنصیبی عمل): ایک کٹائی کے تناسب سے بازاری نرخوں پر نقد معاوضہ۔ |
| درخت | درختوں کی کٹائی | متاثرہ کسان (11 خاندان) | نقد معاوضہ آمدن کے نعم البدل کے طور پر ظاہر ہوگا۔ |
| تعمیرات | لائن کی تنصیب کے دوران تعمیرات متاثر ہوسکتی ہیں | متاثرہ مالکان (10) | نقد معاوضہ اس کے نعم البدل کے طور پر ظاہر ہوگا۔ |

## D۔ ذیلی منصوبے کے اثرات

8۔ اس ذیلی منصوبے کی تعمیر سے کل 27 نفوس متاثر ہوں گے۔ان متاثرہ گاؤں میں کسان عام طور پر تین فصلیں کاشت کرتے ہیں،جس میں گندم کی فصل ربیع/گرمیوں میں اور مکئی خریف/سردیوں میں۔تاہم اس منصوبے سے کاشت شدہ رقبہ عارضی طور پر متاثر ہوگا جس میں کاشت کی گئی فصل گندم اور مکئی ہوگی۔

9۔ 132KV کی ترسیلی لائن کے نیچے 30 میٹر کی جگہ پر فصلوں کے نقصان کے ساتھ ساتھ 61 نجی ملکیتی درخت ختم کیے جائیں گے۔کاٹے گئے لکڑی کے درخت فیلڈ کے کناروں پر رکھے جائیں گے۔ان کا معاوضہ درختوں کی کٹائی کے ابتداء میں ہی ادا کر دیا جائے گا۔

10۔ فصلوں اور درختوں کے نقصان کے علاوہ 10 گھر یا تعمیرات ترسیلی لائین کی تنصیب کے دوران جزوی طور پر متاثر ہوں گی۔

## E۔ یونٹ نرخ اور معاوضہ

11۔ متاثرہ گاؤں میں کسان عام طور پر تین فصلیں کاشت کرتے ہیں،جس میں گندم کی فصل ربیع/گرمیوں میں اور مکئی خریف/سردیوں میں۔تاہم اس منصوبے سے کاشت شدہ رقبہ عارضی طور پر متاثر ہوگا جس میں کاشت کی گئی فصل گندم اور مکئی ہوگی۔اس لیے گندم اور مکئی کے موجودہ بازاری نرخ مقامی مارکیٹ اور LOC سے حاصل کیے گئے ہیں۔

12۔ اسی طرح متاثرہ درختوں کے موجودہ بازاری نرخ مقامی مارکیٹ اور LOC سے لیے گئے اور ان پر ہی معاوضہ جات کا تخمینہ لگایا جائے گا۔

## F۔ شکایات کی دادرسی کا طریقہ

13۔ شکایات کے ازالے کے عمل کے برعکس آئیسکو عام طور پر تکالیف کی روک تھام کا خیال رکھتا ہے۔ یہ صرف اسی صورت میں حاصل ہوسکتا ہے جب LAR احتیاط سے بنایا اور اس پر عمل درآمد کیا جائے اور متاثرہ افراد سے مکمل رابطے اور مشاورت کو یقینی بنا کر اور وسیع پیمانے پر معاشرے اور آئیسکو میں رابطہ اور مشاورت کو قائم کیا جائے۔ تاہم متاثرین کی متاثرہ زمین یا دیگر اثاثوں کی وجہ سے معاوضہ سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے شکایت کی دادرسی کا طریقہ کار فراہم ہونا چاہیے۔

14۔ شکایت کے اندراج کے لیے رجسٹر موجودہ گرڈ اسٹیشن برہان، نیوواہ اور PIU راولپنڈی اور جنرل منیجر ترقیات آئیسکو ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں رکھا جائے گا جس کا خیال مذکورہ انچارج کرے گا اور موصول ہونے والی شکایات پر عمل درآمد اور ان کا ازالہ اسسٹنٹ منیجر آئیسکو (سوشل ایمپیکٹ) اور LAC مقامی رہنماؤں اور یونین کونسلوں اور یا ضلعی LAC کے تعاون سے کرے گا۔

15۔ سب سے پہلے، شکایات کا ازالہ کے لیے گاؤں کی سطح پر قائم شدہ شکایت ازالہ کمیٹی (GRC) جو کہ آئیسکو اور E&SS سیل اور LAC یا پٹواری اور گاؤں کے نمایاں بزرگوں جیسے خان، نمبردار اور متعلقہ یونین کے کونسلر پر مشتمل ہوگی کے ذریعے سے کوشش کی جائے۔ لیکن اگر گاؤں کی سطح پر شکایات کا ازالہ صحیح طریقے سے نہ ہوسکے تو ضلعی سطح پر شکایات کے ازالے کا طریقہ کار اپنایا جائے گا جو رابطہ آفیسر (چیئرمین)، ضلعی LAC اور آئیسکو E&SS سیل، چیف انجینئر اور LAC پر مشتمل ہوگی۔ متاثرہ شخص کا آخری طریقہ عدالت کے ذریعے انصاف کا حصول ہوگا۔

16۔ فصلوں اور درختوں اور جزوی متاثرہ مکانوں کی مرمت/تعمیر نو جزوی بحالی کے لیے معاوضہ جات کی تمام رقوم آئیسکو سے سیدھی متاثرہ خاندان کو فراہم ہوں گی۔ شکایات اور ان کے ازالہ آئیسکو مقامی سطح مقامی لوگوں نمائندگان اور یونین کونسل کے اشتراک سے کرے گا۔ اور صرف غیر ازالہ شدہ شکایات کے لیے اگر ضرورت پڑے تو ضلعی حکومت کے اشتراک سے کرے گا۔

**جدول 10: شکایات کے ازالہ کا طریقہ کار**

| تعمیر، فصلیں اور درختوں کے معاوضہ سے متعلق مسائل | دیگر معاوضہ جات یا منصوبے کے مسائل |
|---|---|
| سب سے پہلے شکایات کا ازالہ گاؤں کی سطح پر E&SS سیل، ضلعی حکومت اور یا غیر رسمی ثالثین کے ذریعے کیا جائے گا۔ | سب سے پہلے شکایات کا ازالہ گاؤں کی سطح پر E&SS سیل، ضلعی حکومت اور یا غیر رسمی ثالثین کے ذریعے کیا جائے گا۔ |
| اگر پھر بھی ازالہ نہ ہو تو شکایت کو LAC کے سپرد کیا جائے گا جو 30 دن کے اندر اندر اس کا فیصلہ کرے گا۔ | اگر پھر بھی ازالہ نہ ہو تو شکایت کو LAC کے سپرد کیا جائے گا جو 30 دن کے اندر اندر اس کا فیصلہ کرے گا۔ |
| اگر کوئی حل نہ نکل سکے تو شکایت E&SS سیل کی مدد سے آئیسکو کو بھیجی جائے گی۔ متاثرہ اپنی اصل شکایت ایک ماہ کے اندر اندر LAC کو دے گا اور اس کے مطالبے کے کاغذات ساتھ لازمی جمع کروائے گا۔ آئیسکو شکایت درج ہونے کے بعد 21 یوم کے اندر اندر فیصلہ کرے گا۔ آئیسکو کے فیصلے پر LARF کی سفارشات پر تکمیل کی جائے گی۔ | اگر کوئی حل نہ نکل سکے تو شکایت E&SS سیل کی مدد سے آئیسکو کو بھیجی جائے گی۔ متاثرہ اپنی اصل شکایت ایک ماہ کے اندر اندر LAC کو دے گا اور اس کے مطالبے کے کاغذات ساتھ لازمی جمع کروائے گا۔ آئیسکو شکایت درج ہونے کے بعد 21 یوم کے اندر اندر فیصلہ کرے گا۔ آئیسکو کے فیصلے پر LARF کی سفارشات پر تکمیل کی جائے گی۔ |
| اگر شکایت کے ازالے کا نظام متاثرہ کو مطمئن کرنے میں ناکام ہو جائے تو وہ (1894) LLA کے سیکشن 18 سے 20 کے تحت اپنا کیس کے لیے عدالت کے ذریعے کارروائی کرواسکتے ہیں۔ | اگر شکایت کے ازالے کا نظام متاثرہ کو مطمئن کرنے میں ناکام ہو جائے تو وہ (1894) LLA کے سیکشن 18 سے 20 کے تحت اپنا کیس کے لیے عدالت کے ذریعے کارروائی کرواسکتے ہیں۔ |

## G۔ منصوبے کے اثرات کے معاوضہ جات اور بحالی کے پروگرام سے متعلق کچھ بنیادی سوالات

**سوال نمبر 1: کیا ہمارے پاس معاوضہ جات اور بحالی کے لیے زمین کی ملکیت ہونا ضروری ہے۔**

جواب: رقبہ سے متعلق قانونی حقوق (ملکیت) نہ ہونے کی صورت میں متاثرہ خاندان بحالی میں مدد سے محروم نہیں رکھے جائیں گے۔ اس منصوبے کے تحت مقررہ تاریخ (اوپر ملاحظہ کریں) تک تمام

متاثرہ خاندان جو متاثرہ زمین پر قابض ہوں یا اسے استعمال کر رہے ہوں معاوضہ جات اور کم از کم بحالی میں مدد کے اہل ہوں گے۔ زمین استعمال کرنے والے جو مالک یا روایتی حقوق (یا جو زمین کے قانونی طور پر استعمال کا جواز پیش کر سکیں) جو پابند رسائی کے متاثرین ہوں، اپنی متاثرہ زمین یا اثاثوں کے نقصان کے لیے معاوضہ کی اہل ہوں گے۔ متاثرہ زمین کو استعمال کرنے والوں کو بھی جنھیں ملکیت یا روایتی حقوق حاصل نہیں کو بھی تعمیرات، فصلوں یا درختوں کیلئے اس منصوبے کے تحت ادائیگی کی جائے گی اور اگر ان کی زمینوں تک رسائی یا استعمال متاثر ہوگا تو وہ زمین کے نقصانات کی بحالی کے لیے زمین (اگر موجود ہو) کے نعم البدل کے طور پر نقد کی صورت میں بطور زمین کے استعمال کے نقصان کے وصول کریں گے۔

## سوال نمبر 2: کیا معاوضہ جات میرے گھر اور تعمیرات پر بھی دیئے جائیں گے۔

جواب: جی ہاں، اس منصوبے سے متاثر ہونے والے مکانات اور دیگر تعمیرات (چھوٹی دکانیں، جانوروں کے باڑے وغیرہ) کے نعم البدل کے طور پر معاوضہ ادا کیا جائے گا تا کہ مالکان دوبارہ اسی حجم اور معیار کی تعمیرات کر سکیں۔

## سوال نمبر 3: میری فصلوں اور درختوں کا کیا ہوگا۔

جواب: آپ کی متاثرہ فصلوں اور درختوں کا معاوضہ بھی موجودہ بازاری نرخوں کے مطابق ادا کیا جائے گا۔ فصلوں کے معاوضہ جات کا انداز کاشت کی گئی فصل کی پیداوار پر منحصر ہوگا تاہم درختوں کے معاوضہ جات ان کی قسم، عمر اور ان کی پیداوار پر ہوگا۔

## سوال نمبر 4: کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم میں سے کوئی بھی معاوضے اور بحالی کا مطالبہ کر سکتا ہے؟

جواب: ایسے تمام خاندان جو منصوبے سے متاثرہ علاقے میں رہائش پذیر ہوں اور اثاثوں پر اثرات اور متاثرہ افراد کے تخمینے کے وقت موجود تھے۔ اس ذیلی منصوبے کی اہلیت کا مختص کردہ وقت سال 2012 ہے جب اثرات کا سروے اور متاثرہ لوگوں کا تخمینہ لگایا گیا تھا۔ ایسا کوئی شخص جس نے مختص کردہ تاریخ کے بعد زمین پر قبضہ کیا ہے وہ معاوضے یا دیگر کسی مدد کا اہل نہ ہے۔

## سوال نمبر 5: کیا ہمیں منصوبے میں بطور متاثرین ظاہر ہونے کے بعد فوری طور پر اپنے متاثرہ اثاثے خالی اور صاف کرنے کی ضرورت پڑے گی۔

جواب: متاثرہ علاقوں کی صفائی صرف اسی صورت میں کی جائے گی جب تک آپ کے متاثرہ رقبوں اور دیگر نقصان شدہ اثاثوں کا معاوضہ یا بحالی نہ ہوا اور اس کا متبادل فراہم نہیں کیا جائے۔ آپ کو معاوضہ جات اور بحالی فراہم کرنے والے دن کے بعد آپ کو متاثرہ جگہوں کو خالی کرنے کے لیے ایک ماہ کا وقت دیا جائے گا۔ اگر آپ مذکورہ وقت میں جگہ خالی نہ کر سکے تو منصوبہ کے تحت آپ کی زمین اور ان پر موجود اثاثوں کو خالی کر دیا جائے گا۔

## سوال نمبر 6: کیا ہمیں اس منصوبے کے LARP میں معاوضے کی پالیسی یا عمل درآمد میں اختلاف ہونے یا معاوضہ یا بحالی پروگرام سے متعلق کسی مسئلے پر شکایت کا حق حاصل ہے اور اگر ہے تو کیسے اور کہاں؟

جواب: کوئی بھی خاندان اپنی شکایت 220KV گرڈ اسٹیشن برہان کے انچارج سے کر سکتا ہے جس کا ازالہ E&SS سیل کرے گا جس کے لیے معمول سے ہٹ کر مقامی رہنماؤں اور یونین کونسلوں کے تعاون سے اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کرے گا۔ اگر 15 دن میں جواب نہ ملے تو شکایت کنندہ اپنی شکایت پیپکو آفس لاہور میں منصوبے کے انتظامی یونٹ میں کر سکتا ہے۔ آخر میں اگر تکلیف/ پریشانی ختم نہ ہو تو ایک ماہ کے اندر اندر مذکورہ معاملہ عدالت میں لے جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں گاؤں کی انتظامیہ اور متاثرین کے بزرگ ممبران اور اس علاقے کے منتخب نمائندوں پر مشتمل حصول رقبہ رابطہ کمیٹی (LACC) شکایت کنندہ کی مدد کرے گی۔ مذکورہ حصول رقبہ رابطہ کمیٹی مکمل شکایتی معاملہ اور تجزیات کی دستاویز تیار کرے گی۔ متاثرین خاندان اس مسئلے کے حل میں واجب الادا تمام ٹیکسوں، انتظامی اور قانونی فیسوں سے مستثنیٰ ہوں گے۔

## سوال نمبر 7: منصوبے سے متعلق مزید معلومات کے لیے ہم کس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

جواب: اگر مکمل منصوبے اور یا 132KV ترسیلی لائن کے ذیلی منصوبے کی LARP سے متعلق معلومات یا حصول رقبہ اور بحالی کے کام سے متعلق معلوماتی کتابچہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو درج ذیل پر رابطہ کریں

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی

آ ئیسکو ہاؤس، سیکٹر G-7، اسلام آباد، فون نمبر 051-9252004، برائے رابطہ ، چیف انجینئر (ترقیات)